تبلیغ اسلام

زمین کے کناروں تک

(ایڈیشن دوئم)

مرتبہ
برکات احمد راجیکی بی۔ اے قادیان

شائع کردہ
نظارت دعوۃ و تبلیغ صدر انجمن احمدیہ
قادیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

عرض حال ایڈیشن دوم

(از محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ ناظر دعوۃ و تبلیغ قادیان)

رسالہ "سچا اسلام دنیا کے کناروں تک" کا پہلا ایڈیشن ماہ مئی [illegible]ء میں شائع ہوا تھا۔ اس میں مختصراً کرۂ عالم میں تبلیغ و اشاعت اسلام کا ذکر ہے۔ اس رسالہ کی اشاعت پر ملک کے موقر اخبارات و رسائل نے گراں قدر ریویو لکھے۔ اور تبلیغ اسلام کی جدوجہد کے متعلق خوشنودی کا اظہار کیا۔

ذیل میں جناب مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی مدیر "صدق جدید" لکھنؤ کے تبصرے کا ایک حصہ درج کیا جاتا ہے۔ آپ تحریر فرماتے ہیں:-

"احمدیہ جماعت قادیان اپنے رنگ میں جو خدمت تبلیغ اسلام کے سلسلے میں کر رہی ہے یہ رسالہ اس کا پورا مرقع ہے۔ جماعت کے مشن یورپ، امریکہ، مغربی افریقہ، ماریشس، انڈونیشیا، نائیجیریا اور ہندوستان پاکستان کے خدا معلوم کتنے مختلف مقامات میں قائم ہیں۔ ان سب کی فہرست اور ان کی کارگزاریاں اور ان سے تبلیغی لٹریچر کی اشاعت انگریزی، فرنچ، جرمن

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

باب اوّل

پیرایۂ آغاز

برادرانِ اسلام: یہ خدا تعالیٰ کا فضل و احسان ہے کہ اس نے ہمیں دینِ اسلام کے ساتھ وابستہ کیا۔ اور ہادیٔ اعظم سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی غلامی کا شرف بخش کر ہمارے لئے دینی و دنیوی ترقیات کے لامحدود راستے کھول دئے۔ بے شک گزشتہ دورِ انحطاط میں ہمیں گوناگوں مصائب و آلام اور ناکامیوں سے دوچار ہونا پڑا اور ہماری ملّی شان و شوکت اور روحانی اور سیاسی قوت کو بے حد نقصان پہنچا۔ یہ حالت ہم سب کے لئے تکلیف دہ اور پریشان کن ہے لیکن ہمیں فکر کی کوئی وجہ نہیں کیونکہ جو کچھ آج ہماری آنکھیں دیکھ رہی ہیں اس کے متعلق قبل از وقت حضرت مخبرِ صادق صلے اللہ علیہ وسلم اطلاع دے چکے ہیں اور ساتھ ہی امتِ مسلمہ کے تنزل و ادبار کے بعد اس کے درخشندہ اور شاندار مستقبل اور نشاۃ ثانیہ کے متعلق بھی قرآن و حدیث میں پیشگوئیاں موجود ہیں۔

گو مسلمانوں کی موجودہ گری ہوئی حالت پر نظر ڈالتے ہوئے یہ پیشگوئیاں ظاہر پرست لوگوں کو انہونی اور ناممکن الوقوع نظر آتی

زبان چینی ۔ فارسی ۔ برمی ۔ اڑیا ۔ تامل ۔ ملیالم ۔ مرہٹی
گورمکھی ۔ ہندی اور اردو زبان میں ان کی بیرون
اور ان کے اخبارات و رسائل کی فہرست اور اسی
قسم کی دوسری تبلیغی سرگرمیوں کا ذکر ان صفحات میں
آ جاتا ہے اور ہم لوگوں کے لئے جو اپنی کثرت تعداد
پر نازاں ہیں ایک تازیانہ عبرت کا کام دیگا ۔

صدق جدید مورخہ ۷ جون ۱۹۵۶ء

آپ کی خدمت میں یہ مختصر رسالہ پیش کرتے ہوئے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس کو اول سے آخر تک پوری توجہ سے مطالعہ کریں اور دوسرے احباب کو بھی ان تبلیغی معلومات سے آگاہ فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ تبلیغ و اشاعت اسلام کی جدوجہد کے بہترین نتائج پیدا کرے اور ہم سب کو توفیق دے کہ ہم دین حق کی سربلندی کے لئے اس کے حضور زیادہ سے زیادہ قربانیاں پیش کرسکیں ۔ دوسرے ایڈیشن میں بعض معمولی ترامیم کی گئی ہیں ۔ اور آخر میں احمدیہ مسلم مشنوں کی فہرست بطور ضمیمہ کے شامل کی گئی ہے ۔

خاکسار

مرزا وسیم احمد ناظر دعوۃ و تبلیغ

سلسلہ احمدیہ قادیان

مورخہ ۱۷ دسمبر ۱۹۵۷ء

اس زمانے میں بھی فراموش نہیں کیا۔ اور اپنے وعدوں کے مطابق
عین ضرورت کے وقت اعلاء کلمۃ اسلام اور اشاعت نور حضرت خیر الانام
کے لئے اس زمانہ میں روحانی اور آسمانی سلسلے کی بنیاد رکھی ہے۔ جو خدا کی
خاص تائید و نصرت سے ایک طرف اسلام کے دشمنوں کے مقابل پر آسمانی
حربوں کے ساتھ برسر پیکار ہے اور دوسری طرف مسلمانوں کے اندر روحانی
نقائص و مفاسد کی اصلاح تازہ بتازہ نشانات و معجزات سے کر رہا ہے۔

اس سلسلہ کے بانی حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی علیہ السلام
نے بطور مجدد مہدی جیسا کہ مسیح موعود و مہدی معہود کے فرائض ادا کر اسلام
اور حضرت نبی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کو معقول اور منقول
دلائل کے علاوہ ہزارہا آسمانی نشانات و معجزات سے ثابت کر کے کامل غلبہ
اسلام پر حجت تامہ قائم کی۔

جماعت احمدیہ قریباً ساٹھ سال سے بتوفیق ایزدی تبلیغ و اشاعت
اسلام کے لئے نمایاں جدوجہد کر رہی ہے اور جان، مال، وقت اور عزت و
آبرو کی مسلسل قربانی پیش کر کے اپنے عظیم ایمان کا ثبوت دے رہی ہے۔
جہاں تک جماعت کی تبلیغی کوششوں کا تعلق ہے بفضلہ تعالیٰ ان کے عظیم الشان
نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ اسلام کے خلاف عیسائیت اور آریوں کی جارحانہ
کارروائیاں بہت حد تک کمزور ہو چکی ہیں۔ عقلی و نقلی دلائل اور
آسمانی نشانات پیش کرنے میں ہی نہیں۔ سلسلہ احمدیہ جماعت کے مقابل
ہار مان چکے ہیں مشرق و مغرب کے ہر میدان میں خدا تعالیٰ اور اس کے
رسول برحق کی عظمت و بلندی شان کا نقشہ لوگوں کے سامنے
آ رہا ہے۔ اور وہ دن دور نہیں جب کہ اسلامی توحید و رسالت کا آفتاب

ہیں لیکن مسلمانوں نے قرونِ اولیٰ و وسطیٰ میں جو شاندار ترقی و عروج حاصل
کیا اس زمانہ میں موجودہ ذلت و ادبار کے متعلق پیشگوئیاں بھی کسی طرح
ناقابلِ فہم و یقین تھیں جس طرح اب اسلام اور مسلمانوں کا انتہائی تنزل
کے بعد ترقی اور عروج حاصل کرنا بظاہر ناممکن نظر آتا ہے۔

بہرحال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا تعالیٰ کی دی ہوئی خبر
کے ماتحت اپنی زبان مبارک سے جن آخری زمانہ میں اسلام کے تنزل اور
ترقی کے متعلق دو پیشگوئیاں فرمائیں جن میں سے ایک غیر معمولی اور حیرت انگیز
حالات میں پوری ہو کر دوسری پیشگوئی کے محقق ہونے کے متعلق یقین دلاتی ہے
اور اس زمانہ میں جب کہ کئی کم ... و پسماندہ قومیں بھی قوانین کے
ماتحت محنت و کوشش کر کے بام رفعت تک پہنچ چکی ہیں اور ان کی
مردہ رگوں میں حیات نو کا خون دوڑ چکا ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ
خدا تعالیٰ کے برحق و پسندیدہ دین کو ماننے والے صحیح رستہ پر چلنے
اور پوری جد و جہد کرنے کے باوجود خائب و خاسر رہیں اور ان کو
حقیقی زندگی اور ترقی نصیب نہ ہو۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ واضح
الفاظ میں فرماتا ہے:

أَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ

یعنی غلبہ اور فوقیت تمہارے لئے ہی مقدر ہے اگر تم حقیقی مومن ہو۔
پس کامیابی اور غلبہ مسلمانوں کے قدم چومنے کے لئے تیار ہے ضرورت
صرف حقیقی ایمان اور اس کی معرفت پیدا کرنے اور اس کے مطابق کردار
بنانے کی ہے۔

اے مسلم بھائیو! آپ کو مبارک ہو کہ اللہ تعالیٰ نے خیر امت کو

باب دوئم

خدا کے لئے مرد میداں بنو تم
کہ اسلام چاروں طرف گھر گیا ہے

موجودہ زمانہ میں جب کہ ذرائع رسل و رسائل وسیع ہو چکے ہیں اور دنیا کے مختلف ممالک اور اقوام کے درمیان گہرا اور قریبی رابطہ پیدا ہو چکا ہے۔ کوئی اہم کام انفرادی اور وقتی کوشش سے سرانجام نہیں پاسکتا۔ بلکہ ضروری ہے کہ اہم اجتماعی کاموں کے لئے پیش از وقت منصوبے اور پلان بنائے جائیں اور طے شدہ سکیم کے ماتحت عملی جد وجہد کی جائے۔

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ علیہ السلام نے جماعت کو مالی قربانی کے لئے آمادہ کرنے کے واسطے ابتداء ہی میں ان الفاظ میں تلقین فرمائی۔

"اسلام کا زندہ ہونا ہم سے ایک فدیہ مانگتا ہے۔ وہ کیا ہے۔ ہمارا اسی راہ میں مرنا یہی موت ہے جس پر اسلام کی زندگی، مسلمانوں کی زندگی اور زندہ خدا کی تجلی موقوف ہے۔"

(فتح اسلام)

دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیلا کر رہے گا اور تمام اقوام اس آسمانی چشمے سے اپنے آپ کو سیراب کریں گی اور حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی منذرہ جو ذیل میں ثبت ہم اپنی آنکھوں سے پوری ہوتی دیکھیں گے کہ

"اسلام کے لئے پھر اس تازگی اور روشنی کا دن آئے گا جو پہلے وقتوں میں آچکا ہے اور وہ آفتاب اپنے پورے کمال کے ساتھ پھر چڑھے گا جیسا کہ پہلے چڑھ چکا ہے۔"

آئندہ صفحات میں اس تبلیغی جہاد کے مختصر کوائف درج کئے جاتے ہیں جو احمدیہ جماعت اسلام کی ترقی اور سربلندی کے لئے اکناف عالم میں کر رہی ہے اور جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کی خاص نصرت و تائید اہل اسلام کو حاصل ہو رہی ہے۔

دین کی نصرت کے لئے اک آسمان پر شور ہے
اب گیا وقت خزاں ہیں پھل لانے کے دن

د) سینما، تھیٹر اور تماشے وغیرہ نہ دیکھے جائیں۔

(۲) (ا) سرکاری ملازم اپنی رخصت کے ایام تبلیغ کے لئے وقف کریں۔
(ب) پنشنر اصحاب خدمت دین کے لئے اپنے آپ کو پیش کریں۔
(ج) احمدی نوجوان اپنی سند کی چھٹیاں تبلیغ کے لئے وقف کریں۔
(د) طلباء کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں دینی تعلیم و تربیت کے لئے مرکز احمدیت میں بھجوایا جائے۔
(س) وہ احمدی جو اپنے عہدہ یا علم کے لحاظ سے کوئی پوزیشن رکھتے ہوں وہ اپنے آپ کو پیش کریں تاکہ مختلف مقامات کے تبلیغی جلسوں میں مبلغین کے ساتھ ان کو بھجوایا جائے۔

(۳) (ا) تمام احمدی اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالیں۔
(ب) کوئی احمدی بے کار نہ رہے۔ بلکہ چھوٹے سے چھوٹا کام بھی اگر اسے ملے تو کرے۔

(۴) علاوہ فرضی چندوں کے جو ہر احمدی اپنی آمد کے سولہویں حصے سے تیسرے حصے تک ادا کرتا ہے۔ بیرونی ممالک میں تبلیغ اسلام کے لئے خاص چندے دئے جائیں۔

آپ کی تلاش ہے

اس وقت دینی خدمت بجالانے کے لئے ایسے افراد کی ضرورت ہے جو دنیا میں روحانی انقلاب پیدا کرنے کی قابلیت رکھتے ہوں اور جن کی مجاہدانہ کوششوں سے موجودہ اسلامی معاشرہ کی

آپ نے احمدیہ جماعت میں شمولیت کے لئے جو شرائط بیعت مقرر فرمائیں ان میں یہ الفاظ بھی رکھے۔

"دین اور دین کی عزت اور ہمدردیٔ اسلام کو اپنی جان اور اپنے مال اور اپنی اولاد اور اپنے ہر ایک عزیز سے زیادہ عزیز سمجھے گا"

ان ارشادات کی تعمیل میں احمدیہ جماعت کے افراد نے اشاعت و خدمت دین اور اعلائے کلمۂ اسلام کے لئے اپنی زندگیوں پر مکمل انقلاب وارد کیا اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہر تنگی اختیار کی۔ ان کی اس کامیابی کی کسی قدر جھلک اس پروگرام میں نظر آسکتی ہے جو حضرت امام جماعت احمدیہ نے "تحریک جدید" کے ماتحت جماعت کے سامنے رکھا۔ اس پروگرام میں مندرجہ ذیل امور خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

۱۔ تمام احمدی سادہ زندگی بسر کریں

(ا) سوائے خاص موقعوں کے ایک سے زیادہ کھانا (Dish) نہ کھایا جائے۔

(ب) لباس میں سادگی اختیار کی جائے۔

(ج) حقیقی ضرورت کے سوا مستورات آرائش و زیبائش کے سامان، زیورات، گوٹہ کناری وغیرہ ترک کر دیں۔ اور شادی بیاہ کے اخراجات میں کمی کریں۔

(د) علاج وغیرہ بجائے گراں کروانے کے ہر ممکن طریق سے سستا کروایا جائے۔

کیا جنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ وہ دریاؤں کو کھینچ لانے پر آمادہ ہو جاتا ہے اور کیا آپ سمجھتے ہیں کہ آپ اس قربانی کے لئے تیار ہو سکتے ہیں۔

۷۔ کیا آپ میں جرأت ہے کہ سب دنیا کہے نہیں اور آپ کہیں ہاں۔ آپ کے چاروں طرف لوگ ہنسیں اور آپ سنجیدگی قائم رکھیں۔ لوگ آپ کے پیچھے دوڑیں اور کہیں ٹھہر تو جا ہم تجھے ماریں گے اور آپ کا قدم بجائے دوڑنے کے ٹھہر جائے اور آپ ان کی طرف سر جھکا کر کہیں کہ لو مار لو۔ آپ کسی کی نہ مانیں کیوں کہ لوگ جھوٹ بولتے ہیں مگر آپ سب کی منوالیں کیوں کہ آپ سچے ہیں۔

۸۔ آپ یہ نہ کہتے ہوں کہ میں نے محنت کی مگر خدا تعالیٰ نے مجھے ناکام کر دیا بلکہ ہر ناکامی کو اپنا قصور سمجھتے ہوں۔ آپ یقین رکھتے ہوں کہ جو محنت کرتا ہے کامیاب ہوتا ہے اور جو کامیاب نہیں ہوتا اس نے محنت ہرگز نہیں کی۔

اگر آپ ایسے ہیں تو آپ اچھا مبلغ اور اچھا تاجر ہونے کی قابلیت رکھتے ہیں مگر آپ ہیں کہاں۔ خدا کے ایک بندہ کو آپ کی دیر سے تلاش ہے۔ اے احمدی نوجوان ڈھونڈ اس شخص کو اپنے صوبے میں اپنے شہر میں۔ اپنے محلے میں اپنے گھر میں اپنے دل میں کہ اسلام کا درخت مرجھا رہا ہے اسی کے خون سے وہ دوبارہ سرسبز ہوگا۔

خدا کے لئے مرد میداں بنو تم
کہ اسلام چاروں طرف سے گھرا ہے (مرزا محمود احمد)

ہوں، اور کون ایسی جماعت سرانجام دے سکتی ہو۔ ایسے معیاری کارکن تیار کرنے کے لئے حضرت امام جماعت احمدیہ کا ایک ضروری اعلان درج کیا جاتا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

۱. کیا آپ محنت کرنا جانتے ہیں؟ اتنی محنت کہ چودہ گھنٹے دن میں کام کر سکیں۔

۲. کیا آپ سچ بولنا جانتے ہیں؟ اتنا کہ کسی صورت میں آپ جھوٹ نہ بول سکیں۔ آپ کے سامنے آپ کا گہرا دوست اور عزیز بھی جھوٹ نہ بول سکے۔ آپ کے سامنے کوئی اپنے جھوٹ کا بہادرانہ قصہ سنائے تو آپ اس پر اظہار نفرت کئے بغیر نہ رہ سکیں۔

۳. کیا آپ جھوٹی عزت کے جذبات سے پاک ہیں۔ گلیوں میں جھاڑو دے سکتے ہیں، بوجھ اٹھا کر گلیوں میں پھر سکتے ہیں، بلند آوازے ہر قسم کے اعلان بازاروں میں کر سکتے ہیں۔ سارا دن پھر سکتے ہیں اور ساری رات جاگ سکتے ہیں۔

۴. کیا آپ اعتکاف کر سکتے ہیں جس کے معنے ہوتے ہیں (الف) ایک جگہ دنوں بیٹھے رہنا (ب) گھنٹوں بیٹھے وظیفہ کرتے رہنا۔ (ج) گھنٹوں اور دنوں کسی انسان سے بات نہ کرنا۔

۵. کیا آپ سفر کر سکتے ہیں؟ اکیلے بوجھ اٹھا کر، بغیر اس کے کہ آپ کی جیب میں کوئی پیسہ ہو، دشمنوں اور مخالفوں میں، ملکوں اور ناآشناؤں میں، دنوں، ہفتوں اور مہینوں۔

۶. کیا آپ اس بات کے قائل ہیں کہ بعض آدمی ہر شکست سے بالا ہوتے ہیں وہ شکست کا نام سننا بھی پسند نہیں کرتے وہ پہاڑوں

جناب مرزا حیرت صاحب دہلوی

ایڈیٹر اخبار کرزن گزٹ اپنے اخبار مورخہ یکم جون سنہ ۱۹۰۸ء میں حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے متعلق تحریر فرماتے ہیں۔

"مرحوم کی وہ اعلیٰ خدمات جو اس نے آریوں اور عیسائیوں کے مقابل میں اسلام کی کی ہیں واقعی بہت ہی تعریف کی مستحق ہیں۔ اس نے مناظرہ کا بالکل رنگ ہی بدل دیا۔ اور ایک جدید لٹریچر کی بنیاد ہندوستان میں قائم کردی نہ بحیثیت ایک مسلمان ہونے کے بلکہ محقق ہونے کے ہم اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ کسی بڑے سے بڑے آریہ اور کسی بڑے سے بڑے پادری کو یہ مجال نہ تھی کہ وہ مرحوم کے مقابلے میں زبان کھول سکتا۔ اگرچہ مرحوم پنجابی تھا۔ مگر اس کے قلم میں اس قدر قوت تھی کہ آج سارے پنجاب میں بلکہ بلندیٔ ہند میں بھی اس قوت کا کوئی لکھنے والا نہیں۔ اس کا پُرزور لٹریچر اپنی شان میں بالکل نرالا ہے اور واقعی اس کی بعض عبارتیں پڑھنے سے ایک وجد کی سی حالت طاری ہو جاتی ہے۔"

مولانا عبداللہ العمادی

کا مشہور اخبار وکیل امرتسر حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی وفات پر لکھتا ہے

"وہ شخص بہت بڑا شخص جس کا قلم سحر تھا اور زبان

باب سوئم

احمدیہ جماعت کی اسلامی خدمات اور تبلیغی جدوجہد کے متعلق آراء

در رہِ عشقِ محمد ایں سر و جانم رود
ایں تمنا، ایں دعا، ایں در دلم عزم صمیم

(حضرت بانی سلسلہ احمدیہ)

احمدیہ جماعت نے خدمت و اشاعت اسلام کے لئے جو جہاد عظیم کیا ہے اور دوسرے ادیان پر دین برحق کو غالب کرنے کے لئے جو کوشش اور قربانی کی ہے۔ اس کی تفصیل پیش کرنے سے پہلے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس جماعت کے بعض کارناموں کے متعلق مسلم وغیر مسلم معززین اور اخبارات کی بعض آراء قارئین کرام کی خدمت میں پیش کی جائیں تاکہ جماعت احمدیہ کے کام کا جو اندازہ غیروں نے کیا ہے اس کا علم ہو سکے۔

عالمگیر کی ذات نے ڈالا ہے ٹھیٹھ اسلامی صورت کا نمونہ ہے۔ ہماری تعلیم کا مقصد ہونا چاہیئے کہ اس نمونہ کو ترقی دی جائے۔ اور ہر مسلمان ہر وقت اُسے پیش نظر رکھے۔ پنجاب میں اسلامی سیرت کا ٹھیٹھ نمونہ اس جماعت کی شکل میں ظاہر ہوا۔ جسے فرقہ قادیانی (جماعت احمدیہ) کہتے ہیں "

(اُمت بیضاء پر ایک عمرانی نظر)

مصر کا مشہور اخبار "الفتح" قاہرہ

اپنی اشاعت مورخہ ۵ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۱ھ میں احمدیہ جماعت کے متعلق لکھتا ہے :-

" جو شخص بھی ان لوگوں (جماعت احمدیہ) کے حیرت انگیز کاموں کو دیکھے گا وہ حیران و ششدر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ کس طرح اِس چھوٹی سی جماعت نے اتنا بڑا جہاد کیا ہے جسے کروڑ ہا مسلمان نہیں کر سکے صرف وہی ہیں جو اس راہ میں اپنی جانیں اور اموال خرچ کر رہے ہیں " (ترجمہ از عربی)

مشہور آریہ سماجی اخبار "تیج" دہلی

مورخہ ۲۵ جولائی سنہ ۱۹۲۵ء کے پرچہ میں لکھتا ہے :-

" تمام مسلمانوں میں سب سے زیادہ ٹھوس اور مؤثر کام

جادو۔ وہ شخص جو دماغی مکاشفات کا مجسمہ تھا۔ دنیا سے اٹھ گیا۔ ایسے شخص جن سے مذہبی یا عقلی دنیا میں انقلاب پیدا ہو۔ ہمیشہ دنیا میں نہیں آتے۔ یہ نازش فرزندانِ تاریخ بہت کم منظرِ عالم پر آتے ہیں اور جب آتے ہیں تو دنیا میں ایک انقلاب پیدا کرکے دکھا جاتے ہیں..... ان کی یہ خصوصیت کہ وہ اسلام کے مخالفین کے برخلاف ایک فتح نصیب جرنیل کا فرض پورا کرتے رہے ہمیں مجبور کرتی ہے کہ اس احساس کا کھلم کھلا اعتراف کیا جائے کہ مسلمانوں کا ایک بڑا شخص ان سے جدا ہو گیا ہے۔

میرزا صاحب کا لٹریچر جو مسیحیوں اور آریوں کے مقابل پران سے ظہور میں آیا۔ قبولِ عام کی سند حاصل کر چکا ہے اور اس خصوصیت میں وہ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ اس لٹریچر کی قدر و قیمت آج جب کہ وہ اپنا کام پورا کر چکا ہے۔ ہمیں دل سے تسلیم کرنی پڑتی ہے..... آئندہ امید نہیں کہ ہندوستان کی مذہبی دنیا میں اس شان کا شخص پیدا ہو۔"

علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

تحریر فرماتے ہیں :-

"میری رائے میں قومی سیرت کا وہ اسلوب جس کا سانچہ

(یہ پچیس سال قبل کی بات ہے بعد میں کتنی گنا وسعت پیدا ہوئی) ترتیب اچھے چھوٹے دفاتر اپر فہرست ہونے والے سامان مختلف قسم کی انسائیکلو پیڈیا۔ ڈکشنریوں اور عیسائیت کے خلاف لٹریچر سے بھرے ہوئے ہیں۔ یہ ایک اسلحہ خانہ ہے جو ناممکن کو ممکن بنانے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اور ایک زبردست عقیدہ ہے جو پہاڑوں کو اپنی جگہ سے ہلا دیتا ہے"
(ترجمہ از انگریزی)

غازی محمود دھرمپال

تحریر فرماتے ہیں:۔
"احمدیت اسلام کو قوت دینے کے لئے ہے۔ اور اسی کی برکت ہے کہ باوجود چند اختلافات کے احمدی فرقے کے لوگ اسلام کی سچی اور پرجوش خدمت ادا کرتے ہیں جو دوسرے مسلمان نہیں کرتے"

پیسہ اخبار لاہور

مورخہ ۱۱ر نومبر سنہ ۱۹۲۲ء تحریر کرتا ہے۔
"اس وقت ملک میں ایک احمدی جماعت ہی اسلام کا باقاعدہ کام کر رہی ہے اور دیگر تمام مسلمانوں کی کوئی انجمن اشاعت اسلام نہیں ہے"

کرنے والی طاقت احمدیہ جماعت ہے اور یہ اسلام احمدیہ تحریک ایک خوفناک آتش فشاں پہاڑ ہے۔ جو بظاہر اتنا خوفناک معلوم نہیں ہوتا۔ لیکن اس کے اندر ایک تباہ کن اور سیال آگ کھول رہی ہے جس سے بچنے کا کوئی حل دکھائی نہ دیا تو کسی وقت ہمیں آریوں کو بھسم کر دے گی"

مشہور ہندو اخبار روزنامہ "پرتاپ"

لکھتا ہے کہ

"احمدی لوگ تمام دنیا کے مسلمانوں میں سب سے زیادہ ٹھوس کام کرنے والے ہیں اور ان کی تبلیغی جدوجہد اس وقت ہمیں سب سے زیادہ نقصان پہنچا رہی ہے"

ریورنڈ ڈاکٹر زویمر

اپنے رسالہ "چرچ مشنری ریویو لنڈن" میں لکھتے ہیں:۔

"ہم نے قادیان کے تمام مقامات کو دیکھا۔ مثلاً پریس، ہیڈ ڈاک، بیوت ترسیل لٹریچر، مدرسہ احمدیہ، لڑکوں اور لڑکیوں کے سکول۔ اشاعت و تبلیغ میں یہ ایک سرگرم گروہ ہے۔ یہاں سے نہ صرف ریویو آف ریلیجنز ہی شائع ہوتا ہے۔ بلکہ بیسیوں اور میگزین بھی یہاں سے نکلتے ہیں۔ اور لنڈن، پیرس، برلن، شکاگو، سنگاپور اور تمام مشرق قریب کے ساتھ خط و کتابت جاری ہے

کہ وہ ہر موقع پر مسلمانوں کو حفاظت اسلام اور بقائے
اسلام کی طرف توجہ دلاتی رہتی ہو۔ باوجود اختلاف عقائد
کے ہمارے دل پر اس جماعت کی خدمت کا گہرا اثر ہے؟

مسٹر محمد اسلم جرنلسٹ

اپنے تاثرات ان الفاظ میں تحریر فرماتے ہیں۔
"جو کچھ میں نے احمدی قادیان میں جاکر دیکھا وہ خالص
اور بے ریا توحید پرستی تھی اور جس طرف نظر اٹھتی تھی۔
قرآن ہی قرآن نظر آتا تھا۔ غرض قادیان کی احمدی
جماعت کو کلی صورت میں اپنے اس دعوے میں بڑی
حد تک سچا ہی سچا پایا کہ وہ دنیا میں اسلام کو پرامن
وصلح کے طریقوں سے تبلیغ و اشاعت کے ذریعے ترقی
دینے کے اہل ہیں اور وہ ایسی جماعت ہے جو دنیا میں
عموماً قرآن مجید کی خالصۃً للہ پیرو اور اسلام کی فدائی
ہے۔ اگر تمام دنیا اور خصوصاً ہندوستان کے مسلمان
یورپ میں اشاعت اسلام کے ان فدائیوں کی امداد
کریں تو یقیناً یورپ آفتاب اسلام کی نورانی شعاعوں
سے منور ہو جائے گا؟

(جون ۱۹۳۳ء)

جناب ایڈیٹر صاحب اخبار "انقلاب" لاہور

اپنے پرچہ مورخہ ۲ مئی ۱۹۳۰ء میں رقم فرماتے ہیں۔

"یاد رکھنا چاہیئے کہ ہندوستان میں اسلام کی سب سے بڑی خدمت دعوت و تبلیغ ہے۔ اور یہی وہ کام ہے جس کی تکمیل مسلمانوں کے تمام ملی مصائب کو ختم کر سکتی ہے ..... یہ وہ حقیقت ہے جو آج تک جماعت احمدیہ مسلمانان ہند کے سامنے پیش کرتی رہی ہے اور جس کے لئے وہ سرگرم عمل ہے"

مشہور رسالہ "صوفی"

ماہ اکتوبر ۱۹۱۲ء میں تحریر ہے :۔

" اس حقیقت سے انکار نہیں ہو سکتا کہ احمدی جماعت نے ہندوستان سے باہر وہ کام کر کے دکھلایا ہے جو کسی ملک کے مسلمانوں نے اس وقت تک نہیں کیا تھا"

اخبار "مشرق" گورکھپور

کی اشاعت یکم دسمبر ۱۹۲۷ء میں تحریر ہے کہ:۔

" ہم احمدیہ جماعت کو مبارکباد دیتے ہیں کہ وہ بہت کام خدمت اسلام کا دے رہی ہے اور اس وقت ہندوستان میں کوئی جماعت اتنا اچھا ٹھوس کام نہیں کی

جاتی ہیں اور مخلصین جماعت بشاشت کی روح کے ساتھ یہ مالی بوجھ اٹھاتے
اور اللہ تعالیٰ سے اجر پاتے ہیں۔

ان مرکزی چندوں کے علاوہ مقامی جماعتیں اپنی لوکل ضروریات
کو بھی چندوں کے ذریعے سے پورا کرتی ہیں اور مقامی اغراض کے لئے
احباب جماعت ہر سال خطیر رقوم لوکل طور پر ادا کرتے ہیں۔

اس وقت احمدیہ جماعت کے ہندوستانی اور پاکستانی مراکز میں جو
سالانہ آمد چندہ عام حصہ آمد وصیت تحریک جدید وغیرہ کی مستقل
مدات میں ہوتی ہے اس کی تعداد تقریباً ۳۵ لاکھ روپیہ تک پہنچ چکی ہے
اور بیرونی ممالک کے مختلف مراکز جن میں ممالک متحدہ امریکہ مغربی
و مشرقی افریقہ انڈونیشیا وغیرہ کی جماعتیں خاص طور پر قابل ذکر ہیں
میں چندوں کی آمد اس کے علاوہ ہے جس کا اکثر حصہ انہیں ممالک میں
اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں خرچ ہوتا ہے۔

موجودہ زمانے میں جبکہ ضروریات زندگی کی فراوانی ہے اور
معیار زندگی بہت بلند ہو چکا ہے جماعت کی یہ مالی قربانیاں دنیا کے
لئے تعجب خیز ہیں اور اس میں شک نہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
کے صحابہ کرام کو مستثنےٰ کرتے ہوئے قربانی کا یہ نمونہ کسی اور مذہبی جماعت
میں نظر نہیں آتا۔ خلوص سے کی ہوئی ان قربانیوں کے بفضلہ تعالیٰ نے
خوش کن نتائج پیدا ہو رہے ہیں اور اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا کام
دن بدن وسعت اختیار کر رہا ہے۔

آئندہ صفحات میں قارئین حضرات خدمت اسلام کے ان
کارناموں کو ملاحظہ فرمائیں جو احمدیہ جماعت کی طرف سے اکناف عالم میں

باب چہارم

مالی قربانیاں

اسلام کی ترویج و اشاعت کے لئے احمدیہ جماعت جس پیمانہ پر مالی
قربانیاں پیش کر رہی ہے اس کی مثال موجودہ زمانہ کی کسی مذہبی انجمن،
سوسائٹی یا ادارے میں نہیں مل سکتی۔ ہر احمدی کے لئے یہ لازم ہے کہ وہ
اپنی آمد کا کم از کم سولہواں حصہ باقاعدہ چندے کے طور پر مرکز سلسلہ میں
بھجوائے جو احمدی اپنے آپ کو وصیت کے نظام میں شامل کرتے ہیں وہ
اپنی آمد اور جائداد کے دسویں حصے سے تیسرے حصے تک مرکزی فنڈ میں
ادا کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں ہر مخلص احمدی تحریک جدید کے ماتحت طوعی
چندہ میں بھی حصہ لیتا ہے جو بسا اوقات سال میں ایک ماہ کی آمد سے بھی
زیادہ ہوتا ہے۔ زکوٰۃ و صدقات۔ نذرانے، عید فنڈ، چندہ انصار اللہ و
خدام الاحمدیہ، چندہ نشر و اشاعت وغیرہ کئی اور اقسام کے چندے بھی باقاعدگی
کے ساتھ مرکز میں بھجوائے جاتے ہیں اور دینی اغراض کے ماتحت خرچ ہوتے ہیں
نیز وقتاً فوقتاً دینی ضرورتوں کے ماتحت خاص چندہ جات کی تحریکات بھی کی

باب پنجم

تبلیغی مشن

احمدیہ جماعت کی تبلیغی کوششوں کے سلسلے میں بیرونی ممالک میں احمدیہ مشنوں کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ ان مشنوں میں کام کرنے والے وہ مجاہدین ہیں جو سالہا سال تک مرکز احمدیت میں دینی تعلیم و تربیت حاصل کرکے، اور اپنی زندگیاں اشاعت اسلام کے لئے وقف کرکے میدان عمل میں نکل چکے ہیں۔ وہ مرکز میں تربیت یافتہ مبلغین کے مقامی مبلغین کی کافی تعداد میں تبلیغ اسلام کے کام میں مصروف ہیں۔ یہ مجاہدین نہ صرف منقولی اور معقولی علوم سے آراستہ ہیں بلکہ زندہ خدا کی تجلیات اور تازہ نشانات سے ان کے قلوب نور ایمان سے منور ہیں اور بفضلہ تعالیٰ ان کے قدوم سے کفر و شرک کی تاریکیاں چھٹ جاتی ہیں۔ احمدیہ مشنوں کا آغاز انگلستان مشن کے اجراء سے ہوا۔ اور اس سے بانی سلسلہ احمدیہ علیہ السلام کا مندرجہ ذیل رؤیا پورا ہوا۔

"اس عاجز پر جو ایک رؤیا میں ظاہر کیا گیا وہ یہ ہے کہ

مکتبوں کے قیام، قرآن کریم کے تراجم کی اشاعت، غیر مسلم ممالک میں مساجد کی تعمیر اور اخبارات و رسائل اور دینی مدارس کے اجراء کی صورت میں سرانجام پا رہے ہیں۔ یہی وہ عظیم الشان جہاد ہے جو احمدیہ جماعت دنیا میں کر رہی ہے اور جس کے متعلق بعض امور گذشتہ باب میں تحریر کئے جا چکے ہیں۔

محترم بھائیو! اعتراض اور نکتہ چینی کرنا آسان ہے لیکن خدا تعالیٰ کی راہ میں مسلسل قربانیاں پیش کرنا اور اپنے سب دنیوی تعلقات اور فوائد کو پس پشت ڈال کر اسلام کی شوکت و سربلندی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان و مرتبہ کے اظہار کے لئے بے نظر سید دو اور جنگلوں میں اتر پڑنا آسان نہیں۔

اس طریق پر وہی گامزن ہو سکتے ہیں جن کے دل زندہ خدا کی تجلیات سے منور اور جن کی جان کا ذرہ ذرہ عشق رسول سے سرشار ہو۔ درخت اپنے پھلوں سے پہچانا جاتا ہے۔ آیئے اور احمدیہ جماعت کے شیریں پھلوں سے اس کو شناخت کیجئے۔ خدا تعالیٰ ہر قدم پر آپ کے ساتھ ہو۔

مغرب کی طرف سے آفتاب کا طلوع ہونا یہ معنی رکھتا ہے کہ
ممالک مغربی جو قدیم سے ظلمت کفر و ضلالت میں ہیں۔
آفتاب صداقت سے منور کئے جائیں گے اور ان کو
اسلام سے حصہ ملے گا۔ اور میں نے دیکھا کہ میں شہر
لنڈن میں ایک منبر پر کھڑا ہوں اور انگریزی زبان
میں ایک نہایت ہی مدلل بیان سے اسلام کی صداقت
ظاہر کر رہا ہوں بعد اس کے میں نے بہت سے پرندے
پکڑے جو چھوٹے چھوٹے درختوں پر بیٹھے تھے اور ان
کے رنگ سفید تھے" (ازالہ اوہام)

لنڈن مشن

لنڈن جو تثلیث کا مرکز اور عیسائیت کا گہوارہ ہے اس میں تبلیغی
مشن کا اجراء سنہ ۱۹۱۲ء میں ہوا۔ اس مشن کو یہ خصوصیت بھی حاصل ہے
کہ یہاں دو دفعہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی امام جماعت احمدیہ
ایدہ اللہ تعالیٰ بنفس نفیس تشریف لے گئے۔ یہاں پر مسجد فضل کی بنیاد
اپنے دست مبارک سے رکھی۔ ویمبلے کی مشہور مذاہب کانفرنس میں اسلام
کی تائید میں اپنا عظیم الشان لیکچر دیا۔ اور ممالک غربیہ میں تبلیغ کی
وسعت و تنظیم کے لئے مبلغین کی ایک کانفرنس کی صدارت فرماکر
مختلف تجاویز منظور فرمائیں۔
اس مشن میں عیدین کے موقعہ پر مختلف سوسائٹیز اور کلبوں کو
مدعو کرکے اسلام کے متعلق تقاریر کی جاتی ہیں جن کے بعد سوالات کے

جواب دیئے جاتے ہیں۔ اسلام کے متعلق غلط فہمیاں دور کی جاتی ہیں
امام مسجد لنڈن کو ملک کے ہر طبقے میں ایک خاص مقام حاصل ہو
چکا ہے چنانچہ اہم مواقع اور تہواروں پر جیسے بیرونی سلاطین کی تشریف آوری
انگلستان کی سالانہ دعوت وغیرہ امام مسجد کو مدعو کیا جاتا ہے اور
ان مواقع سے تبلیغ اسلام کے لئے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ اس مشن کے ذریعہ
کئی قسم کا اسلامی لٹریچر بھی شائع کیا جا چکا ہے۔

ماریشس مشن

اس تبلیغی مشن کا آغاز سنہ ۱۹۱۵ء میں ہوا۔ اس جزیرہ میں ہمارے
مبلغین نے اسلام کی قابل قدر خدمات سرانجام دی ہیں جب کبھی کسی طرف
کی طرف سے اسلام پر اعتراض کئے گئے۔ احمدی مبلغین نے اخبارات و
رسائل نیز تقریروں کی مدد سے ان کے ذریعہ اسلام کا دفاع کیا۔ چونکہ اس
جزیرہ کی اکثر آبادی ہندو ہے اس لئے ان کو مناسب رنگ میں پیغام حق
پہنچانے کے لئے حضرت بانی سلسلہ احمدیہ علیہ السلام کی مشہور کتاب "پیغام
صلح" کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ طبع کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں اس مشن کے
زیر انتظام مندرجہ ذیل اسلامی کتب کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ ہو چکا ہے
(۱) اسلامی اصول کی فلاسفی (۲) نظام نو (۳) اسلام کا اقتصادی نظام
(۴) تجلیات الٰہیہ (۵) [illegible] (۶) الوصیت (۷) ایک غلطی کا ازالہ۔

امریکہ مشن

نئی دنیا کا یہ مشن سنہ ۱۹۲۰ء میں قائم ہوا۔ موجودہ وقت میں اس

احمدیت کے متعلق مضامین شائع ہو چکے ہیں
صوبجات متحدہ امریکہ کی سیاسی اہمیت اور اس میں یو۔این۔او کا
مرکز ہونے کی وجہ سے ہماری تبلیغی مساعی کا دور دور کے ملکوں پر بھی اثر پڑ
رہا ہے۔ فالحمدللہ علیٰ ذالک

مغربی افریقہ مشن

مغربی افریقہ کے علاقہ جات سیرالیون۔ گولڈ کوسٹ اور نائیجیریا میں
پیغام اسلام پہنچانے کے لئے سنہ ۱۹۲۱ء میں مشن قائم ہوئے۔ ان مشنوں کو
خدا تعالیٰ نے ابتداء ہی سے برکت دی اور بت پرست اور عیسائی اقوام
میں سے ہزارہا افراد تھوڑے سے عرصے میں ہی حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔ اس
علاقے میں اب تک درجنوں احمدی مبلغین کام کر چکے ہیں اور کر رہے
ہیں بیسیوں مساجد تعمیر ہو چکی ہیں۔

کچھ عرصہ پیشتر گولڈ کوسٹ کے مرکز سالٹ پانڈ میں ایک خوبصورت
مسجد جماعت کی طرف سے تعمیر کی گئی جس کا افتتاح وہاں کے وزیر اعظم
نے کیا۔ اس علاقے میں ہمارے ایک درجن کے قریب سکول بھی جاری ہیں
اور ایک سیکنڈری سکول ہے۔ ان سکولوں میں دنیوی تعلیم کے ساتھ ساتھ
مذہبی تعلیم باقاعدہ دی جاتی ہے۔ شہروں کے علاوہ ۳۰۰ دیہات میں
تبلیغ اسلام کا کام ہو رہا ہے۔ مشن ہفتہ وار تبلیغی رسالہ (The Sunrise)
شائع کرتا ہے جس میں اسلام کی تائید اور عیسائیت کے رد میں پُر زور مضامین
شائع ہوتے ہیں۔

گولڈ کوسٹ کے شمالی علاقے میں باون ہزار روپے کی لاگت سے ایک

مشن کا صدر مقام واشنگٹن میں ہے جہاں پر سلسلے کی طرف سے ایک نہایت
موزوں بلڈنگ مشن ہاؤس کے لئے خریدی گئی ہے اس کے علاوہ شکاگو اور
پٹس برگ میں بھی جماعت کی طرف سے مشنوں کے کام کے لئے مکانات خریدے
گئے ہیں۔ ڈیٹن میں مسجد تیار ہو چکی ہے۔ سینٹ لوئیس، کلیولینڈ، ملواکی، فلاڈلفیا
میں بھی مساجد کی تعمیر کے انتظام ہو رہے ہیں۔

اس مشن میں پانچ مرکزی مبلغ تبلیغی فرائض سر انجام دے رہے ہیں۔
واشنگٹن سے رسالہ "مسلم سن رائز" باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے۔ اور
مستشرقین اور علمی طبقے میں اس کا خاص اثر ہے۔ تبلیغی و تربیتی اغراض
کے ماتحت "احمدیہ گزٹ" بھی باقاعدہ شائع ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں اسلامی
لٹریچر پر چالیس کے قریب کتب اس مشن کے ذریعے شائع کی گئی ہیں اور یہ لٹریچر
کئی سو امریکن لائبریریوں میں رکھا جا چکا ہے۔ مبلغین کو مختلف کلبوں،
سوسائٹیوں اور چرچوں میں مدعو کیا جاتا ہے۔ اور تبلیغ اسلام کا موقع
ملتا ہے اور اسلام کے متعلق عیسائی پادریوں کی پھیلائی ہوئی غلط
فہمیوں کو دور کیا جاتا ہے۔

امریکہ کے کئی اخبارات اور رسائل احمدیہ مشن کی تبلیغی جدوجہد
کے متعلق مضامین اور خبریں شائع کرتے رہتے ہیں چنانچہ گزشتہ سال
مشہور باتصویر رسالہ "لائف" نے جس کی اشاعت ۵۵ لاکھ ہے احمدی
مبلغین کی تبلیغی مساعی پر ایک مبسوط نوٹ لکھا جس کے ساتھ ہمارے مبلغین
اور سکولوں کے فوٹو بھی شائع کئے۔

امریکہ کے مشہور ماہنامے (Reader's Digest) میں جس کی اشاعت
ایک کروڑ اسی لاکھ ہے اور مشنری رسالے "مسلم ورلڈ" میں بھی اسلام اور

"یعنی افریقہ اور ایشیا کے تمام ممالک میں نئی روشنی کے اسلام کے لئے ایک شاندار مستقبل ہے۔"

(Rev Lyndon P. Har-ies عیسائیوں کے افریقہ میں مشہور منّاد

احمدیہ جماعت کے مبلغین کے متعلق اپنی مایۂ ناز تصنیف میں تحریر کرتے ہیں۔

"احمدی مبلغین وہ سب سے مناظر ہیں کے مقابل پر اپنے مذہب کے زیادہ اچھے محافظ ہیں اور اسلامی تبلیغ کے میدان میں بہت موثر کارروائی کرنے والے ہیں۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں کے تمام فرقوں میں یہی ایک جماعت ہے جس نے اپنے مشن افریقن مسلمان قبائل میں قائم کئے ہیں۔" (ترجمہ از انگریزی)

سیرالیون

اس مشن کے مبلغین لٹریچر، دوروں، لیکچروں اور جلسوں کے ذریعے تبلیغِ حق پہنچا رہے ہیں۔ ریڈیو کے ذریعے اسلامی تو ہید و رسالت کی ان مبلغین کے ذریعے ملک کی فضا میں گونج رہی ہے۔ یہاں سے دو تبلیغی رسالے "البشریٰ" اور (The African Cresent) باقاعدہ جاری ہیں جن کا اثر تمام ملک کے معزز طبقہ پر ہے۔ شہر بو (Bo) میں ایک اسلامی لائبریری کی قائم کی گئی ہے۔ اس مشن کے ماتحت دو انگریزی سکول اور کئی عربی سکول قائم ہیں۔ "روکوپر" میں ایک عظیم الشان مسجد تیار ہو رہی ہے۔

عظیم الشان مسجد تیار ہو چکی ہے اور قرآن کریم کا ترجمہ یہاں کی زبان Fanti میں ہو چکا ہے۔ یہاں کی جماعتیں باقاعدہ سالانہ جلسہ کر کے اپنے علم اور ایمان کو ترقی دیتی ہیں اور یہ جماعتیں غیروں میں تبلیغ کے لئے ایک موثر ذریعہ ثابت ہو رہی ہیں۔

ان مشنوں میں احمدی مجاہدین کی جدوجہد سے بفضل تعالیٰ کامیابی کے ساتھ کلمۂ اسلام بلند ہو رہا ہے اور عیسائیت کے منادین بھی پسپائی کا اقرار کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ چنانچہ مشہور امریکی اخبار نیویارک ٹائمز مورخہ ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۵۲ لکھتا ہے:-

"اسلام مغربی افریقہ میں ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔۔ .... یہ مذہب آخرکار تمام علاقے کو اپنی آغوش میں لے لے گا۔" (ترجمہ از انگریزی)

اسی طرح مشہور رسالہ لائف (۵ [illegible]) مورخہ اگست سنہ ۱۹۵۵ء میں تحریر ہے۔

"مغربی افریقہ کے بعض علاقوں میں جہاں عیسائی مناد اور اسلامی مبلغ مقابلہ کر رہے ہیں عیسائیت میں داخل ہونے والے ایک شخص کے مقابل پر اسلام میں دس افراد داخل ہوتے ہیں۔ (ترجمہ از انگریزی)

مشہور [illegible] و مورخ مسٹر ایچ. جی. ویلز اپنی کتاب (What is Coming) میں اسلام کی ترقی کو ان الفاظ میں تسلیم کرنے پر مجبور ہوئے۔

(Throughout all Africa & Asia there is a great tomorrow for a renascent Islam)

رہی ہیں۔ کئی اخبار جاری ہیں۔ ایک ہفتہ وار اخبار (The Truth)
بھی شائع کیا جاتا ہے۔ عام لوگوں کو اسلام سے روشناس کرانے کے
لئے ایک رسالہ (The Outline of Islam) شائع کیا گیا ہے جو
بہت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

انڈونیشیا مشن

احمدیہ جماعت کے مشن قائم ہونے سے پہلے انڈونیشیا میں
جگہ جگہ پر عیسائی مشن قائم تھے اور ہزارہا مسلمانوں کو عیسائیت میں
داخل کر رہے تھے۔ ہمارے مبلغین نے لٹریچر، تقاریر، جلسوں
اور مباحثوں سے عیسائیت کے منادوں کو قدم قدم پر پچھاڑا اور
حقانیت اسلام اور رسالت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو از روئے
انجیل اور دلائل عقلیہ ثابت کیا اور ۱۹۵۸ء میں متعدد رسالے
اور کتابیں شائع کیں خدا تعالے کے فضل سے یہ کوششیں بارآور
ہوئیں۔ بہت سے لوگ جو اسلام سے برگشتہ ہو چکے تھے دوبارہ
مسلمان ہو گئے۔ اور آئندہ کے لئے عیسائی مشنوں کی یلغار
رک گئی۔ جماعت کی طرف سے انڈونیشین زبان میں رسالہ
"سینار اسلام" باقاعدہ شائع ہو رہا ہے اور انڈونیشین
زبان میں قرآن کریم کے ترجمے کا کام بھی قریب الاختتام ہے۔

مشرقی افریقہ

یہ مشن سنہ ۱۹۳۴ء میں قائم ہوا۔ اس علاقہ میں احمدیہ

ہماری جماعت کی تبلیغی کوششوں کے جو نتائج بفضلہ تعالیٰ برآمد ہو رہے ہیں ان کا اندازہ ایک عیسائی مبصر کے مندرجہ ذیل الفاظ سے ہو سکتا ہے:۔

"ہاورٹ ڈوکو میں انگریزی چرچ کے پیرو بہت کم ہیں۔ یہ چرچ اس علاقے میں بیسیوں سال سے کام کر رہا ہے اور امریکی مشن نے بھی لوگوں کو عیسائی بنانے کی بے حد کوشش کی۔ مگر جب ہم اس مشن کا معائنہ کرنے کے لئے گئے تو ہم نے دیکھا کہ یہ مشن اپنا کاروبار بند کر رہا تھا..... اسلام کی شریعت بہت ہی اخلاقی اصولوں پر مبنی ہے اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ مسیحیت اس کے مقابلے پر شکست کھانے کے باوجود لڑتی رہے۔ لڑائی ابھی تک جاری ہے لیکن حال ہی میں احمدیہ تحریک کی طرف سے جو کمک اسلام کو پہنچی ہے اور جو "روکوپر" کے علاقہ میں کافی مضبوطی سے قائم ہو چکی ہے۔ وہ اسلام کے لئے بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ شہر کا مبیہ میں امریکن مشن کا بند ہو جانا بھی اسی کشمکش کا نتیجہ ہے" (فارن مشنز)

نائیجیریا مشن

اس مشن کے ماتحت چھ مبلغین کام کر رہے ہیں۔ لیگوس میں ایک عظیم الشان مسجد تیار کی گئی ہے اور نو سکول کھولے گئے ہیں جن میں بچوں کو علاوہ دنیوی تعلیم کے دینی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔ حال ہی میں ایک

The Ahmadiyya Mosque Nairobi (East Africa)

جماعت سے پہلے عیسائیوں کے سینکڑوں مشن کام کر رہے تھے اور ہزاروں مسلمانوں کو اسلام سے مرتد کر چکے تھے اب خدا تعالیٰ کے فضل سے یہاں پندرہ سے زیادہ احمدی مبلغین اشاعت و تبلیغ اسلام میں مصروف ہیں۔ قرآن پاک کا سواحیلی زبان میں ترجمہ کیا جا چکا ہے۔ نیروبی میں ایک عظیم الشان مسجد تعمیر کی گئی ہے جو علاقے کے سب گرجوں کو مات کرتی ہے۔

احمدیہ مشن کی بعض تبلیغی کوششوں کا ذکر حال ہی میں انگلستان کے ایک رسالہ (East African and Rhodesia) میں ایک مشہور عیسائی مشنری نے ان الفاظ میں کیا۔

"اس مہینے کی ابتدا میں احمدیہ مسلم مشن نے کانفرنس منعقدہ نیروبی میں قرآن کریم کا ترجمہ یوگنڈا زبان میں شائع کرنے کا ریزولیوشن پاس کیا ہے۔ یہ جماعت اس سے قبل قرآن مجید کا ترجمہ سواحیلی زبان میں شائع کر چکی ہے۔ علاوہ ازیں گزشتہ سال یہ جماعت انگریزی، سواحیلی اور یوگنڈا زبان میں اڑھائی لاکھ صفحات پر مشتمل لٹریچر شائع کر چکی ہے۔ دو افریقن طالب علم اعلیٰ اسلامی تعلیم حاصل کرنے کے لئے پاکستان بھجوائے جا چکے ہیں اور مسلمان طلباء کی دینی تعلیم کے لئے نیروبی میں بھی ایک کلاس کا اجراء کیا جانے والا ہے۔ اور کئی مساجد یوگنڈا میں تعمیر کرنے کی تجویز کی گئی ہے۔ اور ہر اس پہلے افریقن کے لئے جو قرآن شریف حفظ کرے پچاس پاؤنڈ کا انعام رکھا گیا ہے!"

اس مشن کے زیرِ اہتمام ہر سال بہت سا لٹریچر شائع ہوتا ہے جو علاوہ تنزانیہ
میں بکثرت کیا جاتا ہے اور یورپ، چین اور افریقی سرزمین کو اکابر کی کے
ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

احمدیہ جماعت کی تبلیغ کے جو شاندار نتائج نکل رہے ہیں۔ ان کا
ذکر مشہور افریقی اخبار Tanganyika Standard نے یکم دسمبر
سنہ ۱۹۵۵ء میں ان الفاظ میں کیا ہے:-

"عیسائیت کی گرفت افریقہ میں کمزور ہوتی جا رہی ہے۔
ابتداء میں یورپ کو افریقہ میں جو مشکلات اٹھانی پڑیں
اس سے کہیں بڑھ کر کٹھن کام جس کا آج کل درپیش ہے
کہ وہ لوگوں کو عیسائیت پر کسی طرح قائم رکھے افریقیوں
کی عیسائیت سے بے رغبتی اسی طرح بڑھتی رہی تو اندیشہ
ہے کہ یہ لوگ اسلام کی آغوش میں چلے جائیں گے۔"

بعض تبلیغی مشنوں کے مختصر کوائف اوپر درج کئے گئے ہیں۔ جس
شاندار طریق سے یہ مشن اسلام کا دفاع اور تبلیغ کر رہے ہیں۔ وہ
زیادہ تفصیل کا متقاضی ہے۔ لیکن اس مختصر رسالہ میں اس سے زیادہ
گنجائش نہیں۔ سنہ ۱۹۳۴ء میں حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ
تعالیٰ نے "تحریک جدید" کے ماتحت کئی بیرونی ممالک میں تبلیغی مشن
قائم فرمائے جو مختلف علاقوں میں شاندار طریق پر اعلاء کلمۃ اللہ کر رہے
ہیں۔ جگہ کی قلت کی وجہ سے صرف ان مقامات کے نام تحریر کرنے
پر اکتفاء کیا جاتا ہے جن میں مشن کھولے جا چکے ہیں۔ ان مشنوں کے
اخراجات وہ پانچ ہزار مجاہدین اٹھاتے ہیں جو "تحریک جدید" کے

اسلامی لٹریچر کی اشاعت

صفِ دشمن کو کیا ہم نے بحجت پامال
سیف کا کام قلم سے ہے دکھایا ہم نے
(حضرت بانی سلسلہ احمدیہ)

احمدیہ جماعت نے باوجود محدود ذرائع کے تھوڑے ہی عرصے میں اسلام کے دفاع اور اس کی حقانیت اور فضیلت کے اثبات کے لئے گراں قدر اور جدید لٹریچر پیدا کیا ہے۔ خود حضرت بانی سلسلہ احمدیہ علیہ السلام نے ۸۰ کے قریب کتب تصنیف فرمائیں جن میں تائید اسلام میں نئے اور اچھوتے دلائل پیش فرمائے۔ اور مخالفین اسلام پر ہر طریق سے حجت تمام کر دی۔ آپ کے اس عظیم القدر کارنامے کے متعلق بعض مفکرین اسلام کی آراء اس سے پہلے تحریر کی جا چکی ہیں۔ علاوہ ازیں آپ کے خلفاء عظام بالخصوص حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کی تفسیر اور اسلام کی تائید میں دیگر سینکڑوں کتب تصنیف کر کے اسلام کی عظیم الشان خدمت

ممالک ذیل قرار پائے ہیں۔

۱. سماٹرا، ملایا (۲) ہندوستان، چین (۳) یورپ، سوئٹزرلینڈ،

(۴) طہران (ایران) (۵) چین، عکہ، حیفا، فلسطین (۶) بیلجیم، ہالینڈ،

(۷) ہیمبرگ، جرمنی (۸) ٹرینیڈاڈ، جزائر غرب الہند (۹) کولمبو، سیلون،

(۱۰) پیرس، (۱۱) برما (۱۲) دمشق، شام (۱۳) لبنان (۱۴) مسقط۔

علاوہ ازیں پولینڈ، ہنگری، البانیہ، اٹلی وغیرہ ممالک میں بھی
مشن کھولے گئے جنہوں نے اچھا کام کیا۔ لیکن بعد کو حالات کی مجبوری
سے یہ مشن جاری نہیں رکھے جا سکے۔ مگر انفرادی تبلیغ ان ممالک میں
اب تک ہو رہی ہے۔

بیرونی مشنوں کے مکمل پتہ جات آخر میں دئے گئے۔ ہندوستان
اور پاکستان کی سینکڑوں جماعتوں کی تبلیغی جدوجہد اس کے علاوہ ہے۔

ان میں سے بعض ذیل میں درج کی جاتی ہیں

۱۔ ڈاکٹر چارلس۔ ایس بریڈن صدر شعبہ تاریخ وادب دینیات نارتھ ویسٹرن یونیورسٹی ایونسٹن (امریکہ) ہمارے ترجمہ انگریزی کے متعلق تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"The book is well printed. The type is good, easily readable. Altogether it is a very valuable addition to the literature of Islam in English tongue. The world is greatly indebted to the Ahmadiyya Movement for it."

یعنی کتاب کی طباعت نہایت عمدہ ہے۔ ٹائپ بھی اعلیٰ ہے اور سہولت سے پڑھا جا سکتا ہے۔ بحیثیت مجموعی انگریزی زبان کے اسلامی لٹریچر میں یہ ایک قابل قدر اضافہ ہے جس کے لئے دنیا احمدیہ جماعت کی از حد ممنون ہے۔

۲۔ مشہور پروفیسر H. A R. Gibb لکھتے ہیں۔

'After reading it, I turned to the translation and for commending this edition as better than any previous attempt to present an English version."

یعنی اس کو پڑھنے کے بعد میں نے اس ترجمہ کا مطالعہ کیا یہ ترجمہ قرآن

سوانح نام دی ہے۔ اور دیگر علماء سلسلہ احمدیہ نے بھی گذشتہ سالہا سال کے عرصہ میں نئے علم کلام کی روشنی میں سینکڑوں تصانیف کی ہیں جو قبول عام کی سند حاصل کر چکی ہیں۔ اس مختصر رسالہ میں ان کتب کی مکمل فہرست دینے کی گنجائش نہیں بطور نمونے کے بعض کتب کے نام لکھے جاتے ہیں ان سے قارئین کرام احمدیہ جماعت کے قلمی جہاد کے متعلق کسی قدر اندازہ فرما سکتے ہیں۔

قرآن کریم کے تراجم

دیگر کتب کی فہرست دینے سے پہلے قرآن کریم کے تراجم کا ذکر کرنا ضروری ہے۔ جو احمدیہ جماعت کے ذریعے سے دنیا کی بعض مشہور زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ یہ محض خدا تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس زمانہ میں جب کہ پریس وغیرہ کے ذریعے سے مختلف علوم دنیا کے ہر علاقے میں پھیل رہے ہیں اور بعض کوتاہ اندیش علماء قرآن کریم کے ترجمہ کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ احمدیہ جماعت نے اکناف عالم میں قرآن کریم کی اشاعت کا بیڑا اٹھایا ہے۔ اور جس کے ذریعے سے مخالفین اسلام کی قرآن کریم کے متعلق پھیلائی ہوئی غلط فہمیاں دور ہو رہی ہیں اس وقت تک جتنی زبانوں میں تراجم ہو چکے ہیں ان کی فہرست درج ذیل ہے۔

۱۔ انگریزی ۲۔ ڈچ ۳۔ جرمن ۴۔ سواحیلی ۵۔ ہندی
۶۔ گورمکھی ۷۔ ملایائی ۸۔ انڈونیشین ۹۔ فینٹی ۱۰۔ روسی
۱۱۔ فرانسیسی ۱۲۔ پرتگیزی ۱۳۔ اطالوی ۱۴۔ ہسپانوی

ان تراجم کے متعلق جو آراء مستشرقین یورپ و امریکہ نے دی ہیں

teaching of the Quran in a form adapted to the needs of the present, is a sign of spiritual life and missionary enterprise, and is on the whole enlightened and progressive."

